**16-06-2025**

**13.50 Hrs**

**HL-Opening**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں محمد عمار

**Music**

--------------------------------

☆ وزیراعظم نریندر مودی نکوسیا میں قبرص کے صدر کے ساتھ باہمی تعلقات کا جائزہ لینے کے لئے وفود کی سطح کی بات چیت کررہے ہیں۔

☆ وزیراعظم نریندر مودی کو قبرص کے اعلیٰ ترین سویلین اعزاز **Grand Cross of the Order of Makarios III** سے سرفراز کیا گیا ہے۔

☆ **16** ویں مردم شماری اگلے سال پہلی اکتوبر سے دو مرحلوں میں کرائی جائے گی۔

☆ اسرائیل اور ایران نے ایک دوسرے پر پھر میزائل داغے ہیں۔ مرنے والوں کی تعداد میں اضافہ ہورہا ہے۔ بین الاقوامی سطح پر کشیدگی دور کرنے کی اپیل کی جارہی ہے۔

☆ اور...... کونکن، گوا اور ساحلی کرناٹک میں شدید سے لے کر بہت شدید بارش کا سلسلہ جاری رہنے کا امکان ہے۔ بھارتی موسمیات محکمے نے مغربی ساحلی خطے میں تیز بارش کے امکان کے مدنظر ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔

.........................................................................

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**PM Business Roundtable**

وزیراعظم نریندر مودی نے قبرص کے ساتھ اقتصادی روابط مزید مستحکم بنانے کے بھارت کے عہد کو اجاگر کیا ہے۔ جناب مودی نے اپنے سرکاری دورے کے دوران **Limassol** میں کاروباری گول میز کانفرنس سے خطاب کیا۔ جناب مودی نے کہا کہ گذشتہ **23** سال میں بھارتی وزیراعظم کے قبرص کے پہلے دورے کا آغاز کاروباری گول میز کانفرنس کے ساتھ ہونے سے اس بات کی عکاسی ہوتی ہے کہ بھارت اقتصادی رابطوں کو کس قدر اہمیت دیتا ہے۔

***(0815- PM Erope Gatway)***

وزیراعظم نے کہا کہ بھارت بحری اور بندرگاہوں کی ترقی، بحری جہاز تیار کرنے اور کام نہ آنے والے جہازوں کو توڑنے جیسے شعبوں پرتوجہ مرکوز کررہا ہے اور اسے فروغ دینے کے لئے نئی پالیسیاں لا رہا ہے۔**x**

**Lead PM**

وزیراعظم نریندر مودی نکوسیا میں قبرص کے صدر **Nikos Christodoulides** کے ساتھ بات چیت کررہے ہیں۔ اس میں

دونوں ملکوں کے وفود بھی شرکت کررہے ہیں۔ دونوں رہنما باہمی تعلقات کا جائزہ لیں گے اور خاص طور پر تجارت، سرمایہ کاری، بنیادی ڈھانچے اور اختراع کے شعبوں میں اشتراک کے نئے راستے تلاش کیے جائیں گے۔ امید ہے کہ علاقائی اور عالمی امور بھی تبادلۂ خیال میں زیرغور آئیں گے۔ ان میں بھارت- یوروپی یونین تعلقات اور بھارت - مغربی ایشیا- یوروپی اقتصادی کوریڈور کا معاملہ بھی شامل ہے۔

**Cyprus PM Meet Prez Nikos**

وزیر اعظم نریندرمودی کو قبرص کے اعلیٰ ترین اعزاز **Grand Cross of the Order of Makarios III** سے نوازا گیا۔**Nocosia** میں صدارتی محل میں منعقدہ ایک خصوصی تقریب میں قبرص کے صدر **Nikos Christodoulides** کے ذریعے انہیں یہ اعلیٰ ترین اعزاز عطا کیا گیا۔ قبرص کے پہلے صدر **Archbishop Makarios III** کے نام پر دیا جانے والا یہ اعزاز ملکوں کے سربراہان اور ممتاز عالمی لیڈروں کے لیےمخصوص ہے۔ ملکوں کے سربراہان اور ممتاز عالمی لیڈروں کو اُن کے غیرمعمولی تعاون کے اعتراف میں یہ اعزاز دیا جاتا ہے۔تشکر کا اظہار کرتے ہوئے وزیراعظم نریندرمودی نے کہا کہ یہ اعزاز صرف اُن کے لیےنہیں بلکہ ایک ارب چالیس کروڑ بھارت کے عوام کے لیے لوگوں ہے۔انھوں نے اِس اعزاز کو اُن کی طاقت اور امنگوں کے لیے شاندار خراج تحسین اور بھارت کی ثقافتی ہم آہنگی اور وسودھیو کٹمبکم یعنی پوری دنیا ایک کنبہ ہے کے قدیم بھارتی فلسفے کا مظہر قرار دیا۔ جناب مودی نے اِس ایوارڈ کو بھارت اور قبرص کے درمیان مضبوط اور مستحکم دوستی کو وقف کیا۔ انھوں نے دونوں ملکوں کے درمیان مشترکہ اقدار اور باہمی مفاہمت کو اجاگر کیا۔انھوں نے اعتماد ظاہر کیا کہ بھارت اور قبرص کے درمیان شراکت داری آنے والے وقت میں نئی بلندیوں کو پہنچے گی۔

***S-B 1400 PM MODI***

**Govt Census**

حکومت نے آج مردم شماری کرانے کے لیے نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے۔ وزارت داخلہ کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ مردم شماری کے لئے ریفرنس کی تاریخ یکم مارچ **2027** ہوگی، البتہ مرکز کے زیر انتظام علاقہ لداخ اور مرکز کے زیر انتظام علاقے جموں کشمیر ، ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ کے برفیلے دشوار گزار علاقے اِس سے مستثنیٰ ہیں۔ اِن علاقوں کے لیے ریفرنس کی تاریخ یکم اکتوبر **2026** ہوگی۔مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

***V-C Anupam Mishra***

مردم شماری دو مرحلوں میں کی جائے گی۔ پہلے مرحلے میں گھروں کی گنتی کی جائے گی، جس میں ہر گھر کے رہائشی حالات، اثاثوں اور سہولیات کے بارے میں معلومات کو جمع کیا جائے گا۔ دوسرے مرحلے میں آبادی کی گنتی کی جائے گی،جس میں ہر گھر کے ہرفرد کی آبادیاتی، سماجی اقتصادی، ثقافتی اور دیگر تفصیلات جمع کی جائیں گی۔ اِس بار مردم شماری میں ذات پات کی بنیاد پر گنتی بھی ہوگی۔ مردم شماری کے لیے تقریباً **34** لاکھ شمار کنندگان اور سپروائزر، نیز تقریباً ایک لاکھ **30** ہزار مردم شماری کارکنوں کو تعینات کیا جائے گا۔ موبائل اپلیکیشنز کا استعمال کرتے ہوئے ڈیجیٹل ذرائع سے مردم شماری کرائی جائے گی۔ لوگوں کو خود گنتی کرنے کی سہولت بھی فراہم کی جائے گی۔ اعداد وشمار جمع کرنے، اعداد و شمار کی ترسیل اور اسٹوریج کے وقت ڈیٹا کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے سخت انتظامات کیے گئے ہیں۔ مردم شماری کے آغاز سے یہ **16** ویں قومی اور بھارت کی آزادی کے بعد سے آٹھویں مردم شماری ہوگی۔**x**

*انوپم مشرا کی رپورٹ کے ساتھ اردوخبروں کے لیے میں۔۔۔*

**HM- CONFERANCE**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے ریاستوں کے ریلیف کمشنروں سے کہا ہے کہ وہ اگلے **90** دن کے اندر اندر ہر ضلعے کے لئے

قدرتی آفات سے پیدا حالات سے نمٹنے کا ضلع کا منصوبہ تیار کریں۔ وہ آج نئی دلی میں ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے ریلیف کمشنروں نیز قدرتی آفات کی صورت میں کام کرنے والی فورسز کی کانفرنس سے خطاب کررہے تھے۔ جناب امت شاہ نے کہا کہ سرکار قدرتی آفات کی صورت میں کارروائی کرتے ہوئے ایک شخص کی بھی جان ضائع نہ ہونے کی حکمت عملی کے ساتھ آگے بڑھ رہی ہے۔ وزیرداخلہ نے کہا کہ گذشتہ دس سال میں بھارت نے صلاحیت سازی، رفتار اور درستگی کے شعبوں میں نمایاں کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ جناب امت شاہ نے کہا کہ آب و ہوا کی تبدیلی اور عالمی تمازت کی وجہ سے دنیا قدرتی آفات کے تعلق سے فکرمند ہے۔

***(1400- Shah- Global Leader)***

**Gujrat Rupani**

گجرات کے سابق وزیراعلیٰ وجے روپانی کے جسد خاکی کو آج اُن کے ارکان خاندان کے سپرد کردیا گیا۔ کل شام اُن کے **DNA** کا میلان ہوگیا تھا۔ اس مہینے کی **12** تاریخ کو احمدآباد میں ہوائی جہاز گرنے کے حادثے میں وجے روپانی کا انتقال ہوگیا تھا۔ اُن کی آخری رسوم شام پانچ بجے کے بعد ادا کی جائیں گی۔**x**

**Home Sycy - Committee Meeting**

احمد آباد طیارہ حادثے کی تحقیقات کے لیے، حکومت کی جانب سے قائم کی گئی اعلیٰ سطحی کمیٹی کی پہلی میٹنگ آج سہ پہر نئی دلّی میں ہوگی۔ اس کمیٹی کی صدارت مرکزی داخلہ سکریٹری کریں گے۔ اعلیٰ سطحی کثیر شعبہ جاتی کمیٹی کے ممبروں میں، شہری ہوابازی کی وزارت کے سکریٹری، وزارت داخلہ کے سینئر حکام، احمد آباد کے پولیس کمشنر، بھارتی فضائیہ میں معائنے اور تحفظ کے ڈائریکٹر جنرل کے علاوہ شہری ہوابازی سیکورٹی بیورو کے ڈائریکٹر جنرل شامل ہیں۔ کمیٹی تین مہینے کے اندر اپنی رپورٹ پیش کرے گی۔

امکان ہے کہ مذکورہ کمیٹی مستقبل میں ایسے حادثات کی روک تھام کے لیے معیاری طریقۂ کار وضع کرنے پر توجہ مرکوز کرے گی۔ ہوائی جہازوں کے حادثات کی تحقیقات کے بیورو **AAIB** کے ذریعے ایک علاحدہ تحقیقات بھی کی جارہی ہے۔یہ بیورو ہوائی جہاز حادثے کے تکنیکی پہلوؤں کی جانچ کررہا ہے۔

**Iran- Israel Conflict**

اسرائیل اور ایران کے درمیان جنگ کا آج چوتھا دن ہے۔ دونوں طرف میزائل حملوں میں سیکڑوں افراد کی جان جاچکی ہے اور بڑی تباہی ہوئی ہے۔ ایران کی ایٹمی تنصیبات اور بیلسٹک میزائل پروگرام کو نشانہ بناتے ہوئے اسرائیل کے پیش بندی کے حملوں کے بعد ایران کے جوابی حملوں کا سلسلہ جاری ہے اور رات میں اُس کے حملوں میں مزید ایک سو افراد زخمی ہوئے ہیں۔

آج صبح سویرے ایران نے تل ابیب اور اسرائیل کے بندرگاہی شہر **Haifa** پر میزائل داغے، جس سے گھروں کو نقصان پہنچا اور جمعہ کو لڑائی شروع ہونے کے بعد سے اسرائیل میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد **18** ہوگئی۔ دوسری طرف ایران میں اسرائیل کے حملوں میں کم ازکم **224** اموات ہوچکی ہیں۔ ان میں **70** خواتین اور بچے بھی شامل ہیں۔ بارہ سو سے زیادہ لوگ زخمی بھی ہوئے ہیں۔ کل اسرائیل کے حملوں میں ایران کے پاسدارانِ انقلاب کے انٹلی جینس سربراہ محمد کاظمی اور دو دیگر اعلیٰ افسر مارے گئے۔ ایران کی سرکاری خبر رساں ایجنسی اِرنا نے یہ اطلاع دی ہے۔ اس سے قبل اسرائیل کے حملوں میں ایران کی پاسدارانِ انقلاب فورس کے کمانڈرحسین سلامی مارے گئے تھے۔ اُن کی جگہ جنرل احمد وحیدی کو مقرر کیا گیا ہے۔ آج صبح سویرے ایران کے حملوں میں اسرائیل کا تیل صاف کرنے کا کارخانہ زد میں آیا اور پاور گرڈ کے ایک حصے کو نقصان پہنچا۔ اسرائیل کی دفاعی افواج نے کہا ہے کہ اُس کے لڑاکا

جیٹ ہوائی جہازوں نے Quds فورس کے کمان سینٹروں کو نشانہ بنایا، جو ایران کے پاسدارانِ انقلاب کی ایک خفیہ شاخ ہے۔ x

## Tura Bypass Dexcongestion

مغربی Garo Hills میں ایک نئے Tura Bypass کی تعمیر کے لئے سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کی مرکزی وزارت نے 951 کروڑ 27 لاکھ روپے کی رقم کو منظوری دی ہے۔ضلع صدر مقام Tura میں بھیڑ بھاڑ کم کرنے اور شہری علاقوں میں روڈ سیفٹی بڑھانے کی خاطر یہ قدم اٹھایا گیا ہے۔ یہ بائی پاس 29 کلومیٹر سے زیادہ علاقے میں بنایا جائے گا اور یہ قومی شاہراہ نمبر 127B اور قومی شاہراہ نمبر 217 کو جوڑے گا۔ سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کے مرکزی وزیر نتن گڈکری نے سوشل میڈیا پوسٹ کے ذریعے یہ اعلان کیا۔ x

## Kolkata Fire

مغربی بنگال میں کولکاتہ کے Khidirpur بازار علاقے میں کل دیر رات گئے تقریباً دو بجے زبردست آگ لگنے سے ایک ہزار سے زیادہ دوکانیں جل کر راکھ ہوگئیں۔ 20 سے زیادہ آگ بجھانے والی گاڑیوں نے آگ پر قابو پایا۔ آگ بجھانے والے محکمہ کے مطابق چاول کے گودام سمیت متعدد دوکانیں پوری طرح تباہ ہوگئیں۔ مغربی بنگال کے آگ اور ہنگامی خدمات کے وزیر Sujit Basu نے جائے حادثہ کا دورہ کیا اور تمام ضروری مدد کی یقین دہانی کرائی۔x

## IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے ملک کے مغربی ساحلی علاقوں میں شدید سے بہت شدید بارش کے لیے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے محکمۂ موسمیات کے سینئر سائنسداں آر کے جینامنی نے کہا ہے کہ دلّی، ہریانہ، پنجاب اور گجرات میں اگلے دو دن کے دوران تیز ہواؤں، طوفان اور بجلی گرنے کے ساتھ گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ دلّی سمیت شمال مغربی بھارت میں کل زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت میں بہت زیادہ کمی دیکھی گئی۔ ڈاکٹر جینامنی نے مزید کہا کہ بھارت کے کسی بھی حصے میں، مانسون میں کوئی پیشرفت نہیں ہوئی ہے، لیکن کونکن، گوا اور ساحلی کرناٹک میں شدید سے بہت شدید بارش جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ محکمۂ موسمیات کے بیشتر مراکز میں کل درجۂ حرارت 40 ڈگری سیلسیس سے کم یا معمول کے مطابق درج کیا گیا۔x

## Maha Havy rain

مہاراشٹر کے رتناگری ضلع میں کل رات موسلا دھار بارش ہونے سے کئی علاقوں میں پانی بھر گیا، دریا کنارے سے باہر بہنے لگے اور ٹریفک میں بھی خلل پڑ گیا۔ممبئی میں بھارتی موسمیات محکمے کے دفتر نے اگلے 24 گھنٹے کے دوران انتہائی شدید بارش کے امکان کے مدنظر رتناگری اور سندھو دُرگ کے لئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ قدرتی آفات کی صورت میں کام کرنے والی قومی فورس NDRF کی ٹیموں کو تیار رکھا گیا ہے اور متاثرہ علاقوں کے لوگوں کو محفوظ مقامات پر پہنچایا جارہا ہے۔x